03.09.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں...............................آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ وزیراعظم نریندر مودی برونئی اور سنگاپور کے 3 روزہ دورے پر روانہ ہوگئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک بھارت کی **Act East** پالیسی اور بھارت-بحرالکاہل نظریے کے اہم شراکت دار ہیں۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تعلیمی اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ لڑکیوں کے لیے ایک محفوظ ماحول بنائیں۔

☆ عالمی بینک نے موجودہ مالی برس کے لیے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار**GDP** کی شرح ترقی میں اضافہ اور اسے 7 فیصد رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ پیرس پیرالمپکس**2024** کے چھٹے روز آج بھارتی کھلاڑی نشانے بازی اور ایتھلیٹکس سمیت مختلف کھیل مقابلوں میں تمغہ حاصل کرنے کی کوشش کریں گے۔

☆ اور یو ایس اوپن ٹینس میں روہن بوپنا اور انڈونیشیا کے ان ساتھی کھلاڑی **Aldila Sutjadi** مکسڈ ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rev. PM Brunei Singapore Visit**

وزیر اعظم نریندر مودی اب سے کچھ دیر بعد برونائی پہنچیں گے۔ جناب مودی برونائی اور سنگاپور دو ملکوں کے دورے کے اپنے پہلے مرحلے میں آج سہ پہر **Bandar Seri Begawan** پہنچیں گے۔ وزیر اعظم کو وہاں پہنچنے پر برونائی کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر روایتی استقبالیہ دیا جائے گا۔ بھارتی برادری بھی جناب مودی کا خیر مقدم کرے گی۔ اپنے دورے کے پہلے دن ، وزیر اعظم کا برونائی میں بھارتی ہائی کمیشن کی نئی **Chancery** کا افتتاح کرنے کا پروگرام ہے۔ جناب مودی آج عمر علی سیف الدین مسجد بھی جائیں گے۔

روانہ ہونے سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ برونائی اور سنگاپور کے ، اُن کے دورے سے دونوں ملکوں اور بڑے آسیان خطے کے ساتھ بھارت کی شراکت داری مزید مستحکم ہوگی۔

روانہ ہونے سے قبل اپنے بیان میں جناب مودی نے کہا کہ دونوں ملک، بھارت کی Act East پالیسی اور بھارت -بحرالکاہل نظریے میں اہم شراکت دار ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ اب جبکہ بھارت اور برونائی اپنے سفارتی تعلقات کے 40 سال مکمل ہونے کا جشن منا رہے ہیں، وہ برونائی کے سلطان حاجی حسن البلقیہ اور شاہی خاندان کے دیگر معزز ارکان کے ساتھ اپنی ملاقات کے منتظر ہیں، تاکہ تاریخی رشتوں کو نئی بلندی پر لے جایا جا سکے۔

جناب مودی نے کہا کہ وہ کل برونائی سے سنگاپور جائیں گے ۔ انہوں نے کہا کہ وہ سنگاپور کے صدر Tharman Shanmugaratnam ، وزیر اعظم Lawrence Wong، سینئر وزراء Lee Hsien Loong اور Goh Chok Tong کے ساتھ ملاقات کے منتظر ہیں۔ وزیر اعظم سنگاپور کی متحرک کاروباری برادری کے رہنماؤں سے بھی ملیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ وہ سنگاپور کے ساتھ کلیدی ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے پر تبادلۂ خیال کریں گے، خاص طور پر جدید طرز کی مینوفیکچرنگ، ڈجیٹل نظام اور پائیدار ترقی کے نئے اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں اشتراک پر بات چیت ہوگی۔

**Jaishankar-Singapore**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ اب وقت آ گیا ہے کہ بھارت اور سنگاپور کے درمیان باہمی رشتوں کو اگلی سطح تک لے جایا جائے۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے سنگاپور کے دورے سے پہلے سنگاپور کے ایک انگریزی روزنامے ساتھ انٹرویو میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان گذشتہ دو دہائی سے زیادہ عرصے سے تعلقات کافی مضبوط رہے ہیں۔ اِس دوران سنگاپور میں بھارتی ہائی کمشنر Shilpak Ambule نے بتایا کہ بھارت اور سنگاپور نئے اور ابھرتے ہوئے شعبوں میں مزید فروغ حاصل کرنے کیلئے تعلقات قائم کررہے ہیں۔

**Pune President**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ سبھی تعلیمی اداروں کو لڑکیوں کیلئے ایک محفوظ ماحول تشکیل دینا چاہیئے کیونکہ وہ ملک کی ترقی کا ایک لازمی جزو ہیں۔ صدرِ جمہوریہ نے یہ بات آج پونے میں Symbiosis یونیورسٹی کے 21ویں جلسۂ تقسیم اسناد کی تقریب میں کہی۔ صدرِ جمہوریہ نے جنسی مساوات پر زور دیئے جانے کے ساتھ سب کی شمولیت والی ترقی کے تیئں یونیورسٹی کی کوششوں کی ستائش کرتے ہوئے، اِس بات کو اجاگر کیا کہ 11 گولڈ میڈل حاصل کرنے والوں میں 8 لڑکیاں ہیں۔ یہ کہتے ہوئے کہ تعلیمی اداروں کا مقصد اقدار پر مبنی تعلیم فراہم کرنا اور کلچر اور سماج کی ضرورتوں کو سمجھنے کیلئے طلباء کی مدد کرنا ہونا چاہیئے، محترمہ مرمو نے بالخصوص سماج کے محروم طبقوں کو ذہن میں رکھتے ہوئے ، صحت کی دیکھ بھال کرنے والی اشیاء تیار کرنے کی تجویز پیش کی۔ اِس موقع پر مہاراشٹر کے گورنر سی پی رادھا کرشنن اور ریاست کے اعلیٰ اور تکنیکی تعلیم کے وزیر چندر کانت پاٹل موجود تھے۔ 85 ملکوں کے ، اُن طلباء نے ، جو یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کررہے ہیں، صدرِ جمہوریہ کو اپنے متعلقہ ملکوں کے جھنڈے پیش کیئے۔

**World Bank-GDP**

عالمی بینک نے موجودہ مالی برس 25-2024 کے لیے بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوارGDP کی شرح ترقی میں اضافہ اور اسے

7 فیصد رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اِس سے پہلے عالمی بینک نے بھارت کی شرح ترقی کے چھ اعشاریہ چھ فیصد رہنے کی پیش گوئی کی تھی۔ بین الاقوامی مالیاتی ادارے نے کہا ہے کہ ملک کی اقتصادی ترقی، نجی صرفہ اور سرمایہ کاری جیسے کلیدی عوامل کے سبب درمیانی مدت کے دوران مستحکم اور مضبوط رہے گی۔

**India-Innovation Index**

بھارت نے دانشورانہ املاک کی عالمی تنظیم WIPO کے ذریعہ شائع کردہ عالمی اختراعی اشاریہ GII کے 2023 ایڈیشن میں عالمی سطح پر 132 معیشتوں میں 40 واں مقام حاصل کیا ہے۔ اِدھر نیتی آیوگ نے کہا ہے کہ بھارت اُن گروپوں میں شامل ہے، جو پچھلے 10 سال میں عالمی اختراعی اشاریے میں بہت تیزی کے ساتھ اوپر آئے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ دہائی کے دوران بھارت اختراع کے شعبے میں لگاتار آگے بڑھتا رہا ہے۔ بھارت علاقائی عالمی اختراعی اشاریہ کے لیڈر کے طور پر ابھرا ہے۔ اُس نے اقتصادی ترقی سے متعلق اختراع میں امید سے زیادہ اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ بھارت لگاتار 13 سال سے اختراع میں شاندار کارکردگی حاصل کررہا ہے۔

**CCS Aero Engines**

سکیورٹی سے متعلق کابینہ کمیٹی نے بھارتی فضائی فوج کے Su-30 ایم۔کے۔آئی طرز کے ہوائی جہازوں کے لیے 240 ایرو انجن خریدے جانے کی تجویز منظور کرلی ہے۔ اندرونِ ملک تیار سامان خریدنے کے زمرے کے تحت ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ سے 26 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت پر یہ ایرو انجن خریدنے کی منظوری دی گئی ہے۔

دفاع کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ ایرو انجن ایک سال بعد دستیاب ہو جائیں گے اور آٹھ سال کی مدت میں یہ عمل مکمل ہوجائے گا۔ یہ انجن ہندوستان Aeronautics لمیٹڈ کے Koraput ڈویژن میں تیار کیے جائیں گے۔

**Gadkari-Tunnel**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ سڑکوں پر شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے۔ آج نئی دلّی میں Tunneling India کے دوسرے ایڈیشن سے خطاب کرتے ہوئے، جناب گڈکری نے بارش ، مٹی کے تودے کھسکنے اور سیلاب سے بچنے کیلئے سڑکوں پر سستے مستقل حل کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ جناب گڈکری نے یہ بھی کہا کہ حکومت ، بھارت کو پانچ کھرب ڈالر والی معیشت بنانے کیلئے کام کررہی ہے۔ سرحدی سڑک تنظیم BRO کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹننٹ جنرل رگھو سری نواسن نے کہا کہ بھارت میں Tunneling کیلئے مواقع بے شمار ہیں۔

**Tripura RS-Voting**

تریپورہ میں آج I-N-D-I-A اتحاد میں اختلاف اُس وقت نظر آیا جب کانگریس کے ارکان اسمبلی، ریاستی اسمبلی میں جاری راجیہ سبھا چناؤ کیلئے اپنا ووٹ ڈالنے کے لیے نہیں آئے۔ بی جے پی نے اپنے ریاستی سربراہ Rajib بھٹاچاریہ کو میدان میں اتارا ہے، جبکہ سی پی آئی (ایم) نے سدھان داس کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے قانون ساز اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر اور سی پی آئی ایم کے سینئر رہنما جتیندر چودھری نے ووٹنگ سے غیر حاضر رہنے پر کانگریس کی نکتہ چینی کی۔

انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں کانگریس دعویٰ کرتی ہے کہ وہ بی جے پی کے خلاف ہے، لیکن تریپورہ میں راجیہ سبھا سیٹ کے چناؤ میں اُس نے اپنے ارکان اسمبلی سے ووٹ ڈالنے کیلئے نہیں کہا۔
اِسی دوران وزیر اعلیٰ ڈاکٹر مانک ساہا اور دیگر وزیروں اور ارکان اسمبلی نے اپنا ووٹ ڈالا۔ ڈاکٹر ساہا نے کہا کہ Rajib بھٹاچاریہ کی جیت یقینی ہے، کیونکہ انہیں بی جے پی، Tipra Motha اور IPFT ارکان کے کُل 47 ووٹ حاصل ہونے کی توقع ہے۔ 60 رکنی اسمبلی میں بی جے پی کے 33 ایم ایل اے اور اتحادی پارٹنر Tipra Motha کے 13 ایم ایل اے ہیں، جبکہ IPFT کا ایک رکن ہے۔ اپوزیشن سی پی آئی (ایم) کے 10 اور کانگریس کے تین ایم ایل اے ہیں۔

## Bhupender-Ek Ped Maa Ke Naam

'ایک پیڑ ماں کے نام' شجرکاری مہم کے تحت، اب تک 52 کروڑ سے زیادہ پودے لگائے جاچکے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپندر یادو نے کہا کہ 'ایک پیڑ ماں کے نام' شجرکاری مہم کے تحت ایک اور سنگِ میل حاصل کرلیا گیا ہے۔ ماحولیات کے عالمی دن کے موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے مذکورہ مہم کا آغاز کیا تھا۔ جناب مودی نے ہر ایک سے کہا ہے کہ وہ اپنی ماں کو خراجِ تحسین پیش کرنے کیلئے ایک پودا لگائیں۔

## Vijaywada Flood

وجے واڑہ بالخصوص کرشنا دریا کے اطراف کے علاقے سیلاب سے شدید طور پر متاثر ہوئے ہیں۔ پانی کی سطح اب تک کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی ہے، جس کی وجہ سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے اور معمول کی زندگی میں رخنہ پڑا ہے۔ وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو کی قیادت والی آندھرا پردیش سرکار راحت اور بچاؤ کارروائیوں کے تعلق سے سرگرمی سے کام کررہی ہے۔ وزیر اعلیٰ چندر بابو نائیڈو وجے واڑہ میں سب سے زیادہ متاثرہ خطوں میں بچاؤ اور راحت کارروائیوں کا بذاتِ خود معائنہ کررہے ہیں۔ راحت اور بچاؤ کارروائیاں جنگی پیمانے پر انجام دی جارہی ہیں۔

## Haryana Accident

ہریانہ میں کم از کم 8 افراد ہلاک اور 9 دیگر اُس وقت زخمی ہوگئے، جب جِند ضلعے میں ایک کھڑی ہوئی گاڑی کو ایک ٹرک نے ٹکر مار دی، جس پر عقیدت مند سوار تھے۔ یہ حادثہ Narwana کے نزدیک ہسار - چنڈی گڑھ قومی شاہراہ پر دیر رات پیش آیا۔ حادثے کے بارے میں خبر ملنے کے بعد Narwana پولیس جائے حادثہ پر پہنچی اور زخمیوں کو سِول اسپتال لے جایا گیا۔ جن مریضوں کی حالت نازک تھی، انہیں Agroha PGI ریفر کردیا گیا ہے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ حادثے کے تعلق سے ایک معاملہ درج کرلیا گیا ہے۔

## Paralympics

پیرس میں پیرالمپکس گیمس 2024 میں بھارتی کھلاڑیوں کی نگاہیں نشانے بازی، تیراندازی اور ایتھلیٹکس سمیت مختلف کھیل مقابلوں میں تمغہ حاصل کرنے پر مرکوز ہوں گی۔ نشانے باز Avani Lekhara اور مونا اگروال خواتین کے 50 میٹر رائفل 3 پوزیشن SH-1 مقابلے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی، جبکہ تیر انداز پوجا خواتین کے Recurve مقابلے میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کریں گی۔بھاگیہ شری جادھو خواتین کے Shotput ایف34 کے فائنل میں کھیلیں گی۔ اس کے علاوہ مردوں

کے ہائی جمپ T63 کے فائنل میں Mariyappan Thangavelu، Shailesh Kuma اور شرد کمار بھارت کے تمغوں کی فہرست میں اضافہ کرنے کی کوشش کریں گے۔
گل نیزہ پھینکنے کے مقابلے میں Sumit Antil نے سونے کا تمغہ جیتا اور ساتھ ہی 70 اعشاریہ پانچ نو میٹر نیزہ پھینک کر پیرالمپکس میں نیا ریکارڈ بھی قائم کیا۔
بیڈمنٹن میں نتیش کمار نے مردوں کے سنگلز کے SL3 مقابلے میں سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ Suhas Yathiraj کو مردوں کے سنگلز کے SL4 مقابلے کے فائنل میں دفاعی چمپئن Lucas Mazur سے ہارنے کے بعد چاندی کا تمغہ ملا۔
خواتین کے سنگلز میں SU5 مقابلے میں تُلسی ماتھی مُروگیسن فائنل میں چین کی کھلاڑی سے ہار گئی اور انہیں بھی چاندی کا تمغہ ملا۔ اسی زمرے میں منیشا رام داس نے کانسے کا تمغہ جیتا۔
تیر اندازی کے مکسڈ ٹیم کمپاؤنڈ مقابلے میں بھارت کو کانسے کا تمغہ ملا۔
صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ اور وزیراعظم نریندر مودی نے تمغے جیتنے والے سبھی کھلاڑیوں کو مبارک باد دی ہے۔

**US-Open Bopanna**

یو ایس اوپن میں بھارتی ٹینس کھلاڑی روہن بوپنا اور انڈونیشیا کے ان کے ساتھی کھلاڑی Aldila Sutjadi مکسڈ ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ آٹھویں درجے کی بھارت اور انڈونیشیا کی جوڑی نے چوتھے درجے کی جوڑی Matthew Ebden اور Barbora Krejcikova کو ایک گھنٹے 33 منٹ تک جاری رہنے والے کوارٹر فائنل میں سات چھ، دو چھ، دس سات سے ہرایا۔ بوپنا اور Sutjadi کا مقابلہ اب سیمی فائنل میں امریکی جوڑی Donald Young اور Taylor Townsend سے ہوگا۔